سوال

(523)جمعرات کو مغرب کی نماز میں سورۃ الکافرون اور اخلاص کی تلاوت کا کیا حکم ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جمعرات کو نماز مغرب میں سورۂ کافرون ، سورۂ اخلاص والی حدیث کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے اور وہ مغرب کی نماز میں پڑھنے کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ دو سورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز مغرب کے بعد والی دو سنتوں (صحیح ترمذی) اور فجر کی سنتوں میں پڑھا کرتے تھے ۔[آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی سنتوں کی پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھتے ۔] (سنن النسائی)جمعرات کو مغرب کے فرضوں میں ان کا پڑھنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ۔ جو روایت پیش کی جاتی ہے وہ معلول ہے ۔

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1

محدث فتویٰ